از دفتر سینئر سپرنٹنڈنٹ پولیس ضلع میرپور

عنوان: اشتہار کنٹریکٹ برائے پولیس ویلفیئر پٹرول پمپ واقع کھمبال ضلع میرپور آزاد کشمیر

پولیس ویلفیئر پٹرول پمپ معہ ٹک شاپ، سروس اسٹیشن، ٹائر شاپ واقع کھمبال جو پاکستان اسٹیٹ آئل اور محکمہ پولیس کے اشتراک سے قائم ہے اور قبل ازیں کنٹریکٹ بنیادوں پر دیا گیا ہوا تھا کی معیاد کنٹریکٹ ختم ہو چکی ہے۔ حسب ہدایت مجاز اتھارٹی محکمہ پولیس ضلع میرپور پٹرول پمپ پبلک سیکٹر کو از سر نو کنٹریکٹ بنیادوں پر دینے کا ارادہ رکھتا ہے۔ پٹرول پمپ کو کنٹریکٹ پر دینے کے سلسلہ میں مالی اور کاروباری طور پر مستحکم اور اچھی شہرت کے حامل خواہشمند حضرات / پارٹیز کی جانب سے ریٹس اور پیشکش درکار ہے۔

لہذا بذریعہ اشتہار ہذا ہر خاص و عام کو آگاہ کیا جاتا ہے کہ مذکورہ بالا پٹرول پمپ کے حصول کے خواہشمند حضرات / پارٹیز اپنے اپنے ریٹس اور پیشکش تحریری صورت میں بنام زیر دستخطی مورخہ 15-11-2026 تک دفتر ہذا کی اکاؤنٹس برانچ میں جمع کروائیں۔ پیشکش کی منظوری کے لئے زیادہ سے زیادہ ریٹس کے علاوہ جملہ شرائط پر پورا اترنے والے حضرات کو ترجیح دی جائے گی نیز کامیاب بولی دہندہ بولی کی رقم کے علاوہ جملہ ٹیکسز ادا کرنے کا بھی پابند ہوگا۔ زیر دستخطی کسی ایک یا جملہ پیشکش کو منظور / مسترد کرنے کا اختیار رکھتا ہے۔ ریٹس / پیشکش کی منظوری کے بعد بر رضامندی مجاز اتھارٹی تحت قواعد تحریری معاہدہ عمل میں لایا جائے گا۔

(خرم اقبال)
سینئر سپرنٹنڈنٹ پولیس
ضلع میرپور